**NOTICE FOR EXTRAORDINARY GENERAL MEETING**

**TO BE HELD ON**

**THURDSDAY JULY 9TH, 2026**

## NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the Extraordinary General Meeting (EOGM) of EFU Life Assurance Ltd. will be held on **Thursday July 9th, 2026** at **10:00 a.m**. at **ICAP Auditorium, ICAP Office, Mauve Area, G10, Kashmir Highway, Service Road South, G-10/4 G-10, Islamabad** to transact the following business:

**A. ORDINARY BUSINESS:**

1. To elect ten (10) directors as fixed by the Board in accordance with the provisions of the Companies Act, 2017 for a period of three years commencing July 10th, 2026. The names of retiring Directors are as under:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | Mr. Rafique R. Bhimjee | 6. | Mrs. Rukhsana Shah |
| 2. | Mr. Saifuddin N. Zoomkawala | 7. | Mr. Ruhail Muhammad |
| 3. | Mr. Taher G. Sachak | 8. | Mr. Ahsen Ahmed |
| 4. | Mr. Hasanali Abdullah | 9. | Mr. Daanish Bhimjee |
| 5. | Mr. Asad Nasir | 10. | Mr. Syed Saad Salman |

The retiring Directors shall be eligible to offer themselves for re-election in accordance with applicable Regulations.

A Statement under Section 166(3) of the Companies Act 2017 relating to the Election of Directors to be carried out at the EOGM is annexed with this notice of the EOGM.

April 23rd, 2026

By Order of the Board

Hasan Jivani
Company Secretary

**NOTES**

1. The Board of Directors of the Company have fixed, under sub-section (1) of Section 159 of the Companies Act, 2017, the number of Directors to be elected for the next term for three (3) years on its Board at Ten (10).

2. **ELECTION OF DIRECTORS**

Any person seeking to contest the Election of Directors shall file with the Company either at its registered office at 4th Floor, Kamran Center, Plot No. 85, East Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad or email at corporateaffairs@efulife.com not later than fourteen (14) days before the date of the EOGM i.e. June 25th, 2026:

a. Notice of intention to offer himself/herself for election as a director in terms of Section 159(3) of the Companies Act, 2017.

b. Consent to act as director (Appendix to Form-9) as per Section 167(1) of the Companies Act, 2017 and Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 along with the declaration required under Clause-iv of the Code of Corporate Governance for Insurers, 2016. Appendix to Form-9 is given under The Companies Regulations, 2024 available on SECP website and can also be obtained from the Registered Office of the Company.

c. His/her Folio No./CDC Investors Account No./CDC Participant No./Sub-Account No. Please note that the qualification of a director shall be his/her holding shares in the Company of the nominal value of Rs 5,000 in term of Article 97 of the Article of Association at the time of filing consent.

d. A detailed profile along with his/her office address to be placed on the Company's Website as required under SRO 1196(I)/2019 dated October 03rd, 2019.

e. An attested copy of CNIC or passport (in case of foreigner).

f. A declaration that he/she is eligible to become a director under Companies Act, 2017, Securities Act, 2015, Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019, Code of Corporate Governance for Insurers, 2016, PSX Regulations, Memorandum and Articles of Association of the Company, and any other applicable laws/rules/regulations/codes etc. Any other documents/information he/she may think necessary.

g. Information on Annexure 'A' and affidavit on Annexure 'B' required under Insurance Companies (Sound and Prudent Management) Regulation, 2012 notified by the SECP vide SRO 1015(I)/2022 dated July 5th, 2022 and SRO 15(I)/2012 dated January 9th, 2012 respectively. Annexure A and B are available on SECP website and can also be obtained from the Registered Office at 4th Floor, Kamran Center, Plot No. 85, East Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad.

h. Undertaking on Annexure 'A' required under direction issued vide SRO 933(I)/2020 dated September 30th, 2020. The undertaking is available on Company website and SRO 933(I)/2020 is available on SECP website.

i. Independent Director's will be elected through the process of election in terms of Section 159 of the Act and they shall meet the criteria laid down in Section 166 of the Act, and the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulation, 2018, accordingly the following additional documents are to be submitted by the candidates intending to contest election of directors as an independent director.

   - Declaration by Independent Director(s) under Clause 6(3) of the listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulation, 2019.

   - Undertaking on non-judicial stamp paper that he/she meet the requirement of Regulation 4(1) of the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulation, 2018 along with the supporting information of the same.

The format of Declaration and Undertaking are available on Company's website.

j. If the number of members who offer themselves is not more than the number of directors to be elected, such members will be elected unopposed without the voting process.

k. In case of election of directors, if required, then schedule and procedure of postal ballot / electronic voting along with Postal Ballot for election of directors shall be published in newspaper and also placed on the Company's website i.e. www.efulife.com at least seven (7) days before the meeting.

l. The final list of contesting directors will be published in newspapers not later than seven (7) days before the date of the EOGM, in terms of section 159(4) of the Companies Act, 2017 Further, the website of the company will also be updated with the required information.

3. **CHARGE OF OFFICE**

Please note that as per Regulation 2(2) of the Insurance Companies (Sound and Prudent Management) Regulations, 2012 proposed directors shall not assume the charge of office until their appointment has been approved by the SECP. SECP may require any further documents to evaluate the proposed director's fitness and propriety.

4. **CIRCULATION OF NOTICE**

Pursuant to S.R.O 452(I)/2025 dated March 17th, 2025, Notice of the EOGM shall be circulated to members at their registered email addresses. Further, the same will be circulated by Book Post and will also be placed on the website of the company.

5. **PARTICIPATION IN EOGM THROUGH ELECTRONIC MEANS**

In light of the clarification issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan vide Circular No. 4 of 2021 for ensuring participation of member in extraordinary general meeting through electronic means as a regular feature, the Company has also provided the facility for attending the meeting via a video-link to its shareholders. The members are encouraged to participate in the meeting online by following the guidelines below.

The shareholders who intend to attend and participate in EOGM through video-link are requested to provide below information to Company Secretary at e-mail address: corporateaffairs@efulife.com, at least 24 hours before the time of EOGM i.e. latest by 10:00 a.m. on July 8th, 2026

| Folio / CDC Account No. | Name | CNIC No. | Cell No. | Email Address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

Upon receipt of the above information from shareholders, the Company will send login details to their email addresses, which will enable them to join the said EOGM through video conference on Thursday July 9th, 2026 at 10:00 a.m.

6. **ATTENDING THE EOGM PHYSICALLY**

Physical arrangements for shareholders to attend the EOGM have been made at the **ICAP Auditorium, ICAP Office, Mauve Area, G10, Kashmir Highway, Service Road South, G-10/4 G-10, Islamabad.**

7. **PROXY FORM**

A member entitled to attend and vote at the EOGM is entitled to appoint another member as a proxy to attend and vote in respect of him/her. Forms of proxy must be deposited at the Company's Registered Office not later than 48 hours before the time appointed for the meeting. Proxy form is annexed with the notice and also available at the company website www.efulife.com

8. **GUIDELINES FOR CDC ACCOUNT HOLDERS**

CDC Account Holders are advised to follow the following guidelines as laid down in Circular 1 dated January 26th, 2000, issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan.

**a. For Attending the Meeting:**

i. In case of individuals, the account holder or sub-account holder and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall authenticate his identity by showing his original Computerized National Identity Card (CNIC) or original passport at the time of attending the meeting.

ii. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the meeting.

**b. For Appointing Proxies:**

i. In case of individuals, the account holder or sub-account holder and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall submit the proxy form as per the above requirement.

ii. The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.

iii. Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.

iv. The proxy shall produce his original CNIC or original passport at the time of the meeting.

v. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with proxy form to the Company.

9. **BOOK CLOSURE**

The Share Transfer Books of the Company will be closed from July 2nd, 2026 to July 9th, 2026 (both days inclusive). Transfers received in order by our Share Registrar, CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99-B, Block-B, S.M.C.H.S., Main Shahrah-e-Faisal, Karachi-74400 at the close of the business on July 1st, 2026 will be considered in time to attend and vote at the meeting.

10. **NOTIFICATION OF CHANGE OF MEMBER'S ADDRESS**

Members are requested to notify/submit the following, in case of book entry securities in CDC to respective CDC participants and in case of physical shares, to the Company's Share Registrar, if not earlier provided / notified:

a. Change in their addresses;

b. Valid and legible photocopies of Computerized National Identity Card (CNIC) for Individuals and National Tax Number (NTN) both for individual and corporate entities.

11. **REGISTRATION DETAILS OF PHYSICAL SHAREHOLDERS**

As per Section 119 of the Companies Act, 2017, all physical shareholders are advised to provide their mandatory information such as CNIC number, address, email address, contact mobile/telephone number, International Bank Account Number (IBAN), etc. to our Share Registrar at their below address immediately to avoid any non-compliance of law or any inconvenience in future:

CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99-B, Block 'B', S.M.C.H.S., Main Shahra-e-Faisal, Karachi-74400. Tel. Toll Free: 0800-23275, Email: info@cdcsrsl.com, website: www.cdcsrsl.com

12. **APPLICABILITY OF POSTAL BALLOT REGULATIONS**

a. **Procedure For E-Voting**

i. In accordance with the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018, Members will be entitled to exercise their right to vote through postal ballot, including by post or e-voting, in the manner and subject to the conditions prescribed therein. The facility of postal ballot will be available for the election of directors as is required or permitted under applicable law.

ii. Details of the e-voting facility will be shared through an e-mail with those members of the Company who have their valid CNIC numbers, cell numbers, and e-mail addresses available in the register of members of the Company by the close of business on July 1st, 2026.

iii. The web address, login details, and password, will be communicated to members via email. The security codes will be communicated to members through SMS from the web portal of CDC Share Registrar Services Limited (being the e-voting service provider).

iv. Identity of the Members intending to cast vote through e-voting shall be authenticated through electronic signature or authentication for login.

v. Voting lines will start from July 4th, 2026 and shall close on July 8th, 2026. Members can cast their votes any time in this period. Once the vote on a resolution is cast by a Member, he / she shall not be allowed to change it subsequently.

**b. Procedure For Voting Through Postal Ballot**

i. Pursuant to Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018 ("Regulations, 2018"), for the purpose of election of directors and for any other agenda item subject to the requirements of Section 143 and 144 of the Companies Act, 2017, Members will be allowed to exercise their right of vote through postal ballot, that is voting by post, in accordance with the requirements and procedure contained in the aforesaid Regulations.

ii. The Members shall ensure that the duly filled and signed ballot paper, along with a copy of the Computerized National Identity Card (CNIC) should reach the Chairman of the Meeting through the post at the Company's registered address on 4th Floor, Kamran Center, Plot No. 85, East Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad or email at corporateaffairs@efulife.com at least one (1) working day before the EOGM during working hours. The signature on the ballot paper should match the signature on CNIC.

iii. Shareholders are requested to notify immediately of any change in their address to the Company's share registrar.

iv. Postal Ballot /e-voting procedure will be kept at least seven (7) days before the meeting on company’s website

13. **VOTING RIGHTS OF MEMBERS AT THE EOGM UNDER S.R.O. 451(I)/2025**

Pursuant to S.R.O. 451(I)/2025 dated March 13th, 2025, issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), members / shareholders who did not cast their vote through electronic voting or postal ballot prior to the date of the EOGM and attend the meeting in person shall be allowed to cast their vote in person at the EOGM through ballot paper.

Proxy holders duly appointed by members in accordance with applicable laws and the Company's proxy requirements shall also be permitted to cast the vote of the member they represent at the EOGM through ballot paper, provided that the member has not exercised voting rights through electronic voting or postal ballot prior to the meeting. Such proxy holders must present their original CNIC, the valid proxy instrument (submitted not later than 48 hours before the meeting) under the Company's proxy guidelines at the time of attending the EOGM.

14. **PROHIBITION OF DISTRIBUTION OF GIFTS**

The Securities and Exchange Commission of Pakistan (the "SECP"), vide S.R.O. 452(1)/2025 dated March 17th, 2025 has strictly prohibited companies from providing gifts or incentives, in lieu of gifts tokens/coupons /lunches/takeaway/packages) in any form or manner, to the shareholders at or in connection with extraordinary general meetings.

15. **VIDEO- CONFERENCING FACILITY:**

If the members holding ten percent of the total paid up capital or such other percentage of the paid-up capital as may be specified by the Commission, are resident in any other city, the company shall provide the facility of video-conferencing to such members for attending general meeting of the company, if so required by such members in writing to the company at least seven days (7) before the date of the meeting. The Company will intimate members regarding the venue of conference facility at least 5 days before the date of general meeting along with complete information necessary to enable them to access such facility.

**Consent for Video-Conferencing Facility**

I/We, of being a member of EFU Life Assurance Ltd. holder of Ordinary Share(s) as per Register Folio No. ______________ hereby opt for participation in the Extraordinary General Meeting to be held on **July 09th, 2026,** or any adjourned meeting through video-conferencing facility at ___________________ (Please insert name of the City)

__________________________

Signature of member

16. **SCRUTINIZER**

In accordance with the Regulation 11 of the Companies (Postal Ballot) Regulation, 2018 (the Regulation), the Board has appointed M/s PKF F.R.A.N.T.S & Co., Chartered Accountants, to act as the Scrutinizer of the Company in case the number of persons who offer themselves to be elected is more than the number of directors fixed under section 159(1) of Companies Act, 2017 and to undertake other responsibilities as defined in Regulation 11A of the Regulations.

## STATEMENT OF MATERIAL FACTS

## UNDER SECTION 166(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017

This Statement sets out the material facts concerning the Election of Directors to be carried out at the EOGM.

As a listed company, the Company is required to have independent directors on its Board in accordance with the requirements of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019. The Company shall ensure that its election of independent directors comply with the requirements of Sections 159 and 166(2) of the Companies Act 2017, the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018 and that such independent directors are included in the databank of independent directors maintained by the Pakistan Institute of Corporate Governance.

Core competencies; diversity, skillset, knowledge and experience of the election contestants shall also be considered during the finalization of independent directors.

The Directors are not interested, directly or indirectly, in the above other than as Shareholders of the Company and they are eligible to contest the Election for Directors.

# غیر معمولی اجلاس عام کا نوٹس

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ **ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ** کا غیر معمولی اجلاس عام بروز جمعرات، **9 جولائی 2026ء** بوقت صبح 10:00 بجے، آڈیٹوریم، دی انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (آئی سی اے پی ہاؤس)، مووایریا، جی-10، کشمیر ہائی وے، سروس روڈ ساؤتھ، جی-10/4، جی-10 اسلام آباد میں، درج ذیل امور پر غور اور کارروائی کرنے کیلئے منعقد ہوگا:

**A. عمومی امور:**

**1-** کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعات کے تحت، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے مقرر کردہ تعداد کے مطابق دس (10) ڈائریکٹرز کا انتخاب 10 جولائی 2026ء سے شروع ہونے والی تین سالہ مدت کے لیے کیا جائے گا۔ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں:

1. جناب رفیق آر۔ بھیم جی
2. جناب سیف الدین این۔ زومکا والا
3. جناب طاہر جی۔ سچک
4. جناب حسن علی عبداللہ
5. جناب اسد ناصر
6. محترمہ رخسانہ شاہ
7. جناب روحیل محمد
8. جناب احسن احمد
9. جناب دانش بھیم جی
10. جناب سید سعد سلمان

مروجہ قوانین وضوابط کے مطابق سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز دوبارہ انتخاب کے لیے اپنے آپ کو امیدوار نامزد کرنے کے اہل ہوں گے۔

کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 166(3) کے تحت، انتخابِ ڈائریکٹرز سے متعلق تیار کردہ بیان غیر معمولی اجلاس عام میں منعقد کیا جائے گا، غیر معمولی اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

23 اپریل 2026

بذریعہ حکم بورڈ

حسن جیوانی
کمپنی سیکریٹری

## نوٹس

1- کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 159 کی ذیلی دفعہ (1) کے تحت، کمپنی کے ڈائریکٹرز نے آئندہ تین (3) سالہ مدت کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز پر منتخب کیے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد دس (10) مقرر کی ہے۔

2- **ڈائریکٹرز کا انتخاب**

ہر وہ شخص جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند ہو، غیر معمولی اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم چودہ (14) دن قبل 25 جون 2026، کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر بامقام چوتھی منزل، کامران سینٹر، پلاٹ نمبر 85، ایسٹ جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد پر یا ای میل corporateaffairs@efulife.com کے ذریعے ڈائریکٹر کے انتخاب کے لیے اپنی امیدواری پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس درج ذیل دستاویزات کے ساتھ جمع کروائے:

a. کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (3)159 کے مطابق بطور ڈائریکٹر انتخاب کے لیے خود کو پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس۔

b. کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (1) 167 اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے مطابق ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کی رضامندی (فارم-9 کے ضمیمہ کی صورت میں)، نیز کوڈ آف کارپوریٹ گورننس فار انشوررز، 2016 کی شق (iv) کے تحت مطلوب اعلامیہ۔ دی کمپنیز ریگولیشنز، 2024 کے مطابق فارم-9 کا ضمیمہ، ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے اور کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر سے بھی حاصل کیا جا سکتا ہے۔

c. امیدوار کا فولیو نمبر / سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ نمبر / سی ڈی سی پارٹیسپنٹ نمبر / سب اکاؤنٹ نمبر، براہِ کرم نوٹ فرمائیں کہ آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 97 کے مطابق ڈائریکٹر کے لیے اہلیت یہ ہے کہ رضامندی جمع کروانے کے وقت امیدوار کے پاس کمپنی کے 5,000 روپے مالیت کے شیئرز موجود ہوں۔

d. امیدوار کا تفصیلی پروفائل، بشمول دفتری پتہ، جو ایس ای سی پی کے نوٹیفکیشن S.R.O.1196(I)/2019 مورخہ 3 اکتوبر 2019 کے مطابق کمپنی کی ویب سائٹ پر شائع کیا جانے کیلئے۔

e. کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) کی تصدیق شدہ نقل۔

f. کمپنیز ایکٹ 2017ء، سیکیورٹیز ایکٹ 2015ء، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019، کوڈ آف کارپوریٹ گورننس فار انشوررز 2016، پاکستان اسٹاک ایکسچینج (PSX) ریگولیشنز، کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن اور دیگر تمام قابلِ اطلاق قوانین، قواعد، ضوابط اور کوڈز کے تحت امیدوار کو ڈائریکٹر کا اہل ہونے کیلئے اعلامیہ۔ اس کے علاوہ وہ کوئی بھی دیگر دستاویزات یا معلومات جو وہ ضروری سمجھے، فراہم کر سکتا / سکتی ہے۔

g. ایس ای سی پی کی جانب سے SRO 1015(I)/2022 مؤرخہ 5 جولائی 2022ء اور SRO 15(I)/2012 مؤرخہ 9 جنوری 2012ء کے ذریعے جاری کیے گئے انشورنس کمپنیز (ساؤنڈ اینڈ پروڈنٹ مینجمنٹ) ریگولیشنز، 2012 کے تحت مطلوب ضمیمہ "الف" میں معلومات اور ضمیمہ "ب" میں حلف نامہ فراہم کرنا۔ ضمیمہ "الف" اور "ب" ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں اور کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، کامران سینٹر، چوتھی منزل، پلاٹ نمبر 85، ایسٹ جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد سے بھی حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

h. SRO 933(I)/2020 مؤرخہ 30 ستمبر 2020ء کے ذریعے جاری کردہ ہدایات کے تحت مطلوب ضمیمہ "الف" پر عہد نامہ۔ یہ عہد نامہ کمپنی کی ویب سائٹ پر جبکہ SRO 933(I)/2020، ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

i. آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب ایکٹ کی دفعہ 159 کے تحت انتخابی عمل کے ذریعے کیا جائے گا، اور ایکٹ کی دفعہ 166 اور کمپنیز (طریقۂ کار اور آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب) ریگولیشنز، 2018 میں مقرر کردہ معیار پر پورا اتریں گے، اس کے مطابق، وہ امیدوار جو آزاد ڈائریکٹر کی حیثیت سے انتخاب لڑنے کے خواہشمند ہوں، انہیں درج ذیل اضافی دستاویزات جمع کروانا ہوں گی:

- لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کی دفعہ (3)6 کے تحت آزاد ڈائریکٹرز کا اعلامیہ؛
- غیر عدالتی اسٹمپ پیپر پر ایک عہد نامہ کہ وہ کمپنیز (طریقۂ کار اور آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب) ریگولیشنز، 2018 کی دفعہ 4(1) کے تمام شرائط پر پورا اترتے ہیں، نیز اس ضمن میں معاون معلومات۔

اعلامیہ اور عہد نامہ کے نمونے کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

j. اگر اپنی امیدواری پیش کرنے والے ممبران کی تعداد منتخب کیے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ نہ ہو، تو ایسے ممبران کو بغیر کسی ووٹنگ کے بلا مقابلہ منتخب قرار دیا جائے گا۔

k. اگر ڈائریکٹرز کا انتخاب درکار ہوا، تو پوسٹل بیلٹ / الیکٹرانک ووٹنگ کا شیڈول اور طریقہ کار، بمعہ پوسٹل بیلٹ فارم، اخبارات میں شائع کیا جائے گا اور کمپنی کی ویب سائٹ www.efulife.com پر بھی اجلاس سے کم از کم سات (7) دن قبل دستیاب کر دیا جائے گا۔

l. امیدوار ڈائریکٹرز کی حتمی فہرست، کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (4) 159 کے مطابق، غیر معمولی اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم سات (7) دن قبل اخبارات میں شائع کی جائے گی۔ مزید برآں، کمپنی کی ویب سائٹ کو بھی مطلوبہ معلومات کے ساتھ اپ ڈیٹ کر دیا جائے گا۔

## 2- عہدہ سنبھالنے کی اجازت

براہِ کرم نوٹ فرمائیں کہ انشورنس کمپنیز (ساؤنڈ اینڈ پروڈنٹ مینجمنٹ) ریگولیشنز، 2012 کی دفعہ (2)2 کے مطابق مجوزہ ڈائریکٹرز اس وقت تک اپنے عہدے کا چارج سنبھالنے کے مجاز نہیں ہوں گے جب تک کہ ان کی تقرری کی منظوری سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے نہ دے دی جائے۔ مزید برآں، ایس ای سی پی مجوزہ ڈائریکٹر کی اہلیت اور موزونیت کا جائزہ لینے کے لیے کسی بھی اضافی دستاویز یا معلومات کا تقاضا کر سکتا ہے۔

## 3- نوٹس کی ترسیل

مورخہ 17 مارچ 2025ء کے S.R.O. 452(I)/2025 کے مطابق، غیر معمولی اجلاس عام کا نوٹس ممبران کو ان کے رجسٹرڈ ای میل ایڈریس پر ارسال کیا جائے گا۔ مزید یہ کہ یہی نوٹس بک پوسٹ کے ذریعے بھی بھیجا جائے گا اور کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہوگا۔

## 4- الیکٹرانک ذرائع کے ذریعے اجلاس میں شرکت:

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے 2012 کے سرکلر نمبر 4، الیکٹرانک ذرائع کے ذریعے شرکت کو یقینی بنانا، کی طرف سے جاری کردہ متعلقہ ہدایات کی روشنی میں ممبران کی غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کی شیئر ہولڈرز کے لیے ایک ویڈیو لنک کی سہولت بھی فراہم کی ہے۔ ممبران کو مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرتے ہوئے آن لائن میٹنگ میں شرکت کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔

جو شیئر ہولڈرز ویڈیو لنک کے ذریعے غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ براہ کرم ذیل معلومات ہمارے کمپنی سیکریٹری کو غیر معمولی اجلاس عام وقت سے کم از کم 24 گھنٹے پہلے، یعنی **8 جولائی 2026ء** کو صبح 10:00 بجے تک، ای میل ایڈریس: corporateaffairs@efulife.com پر فراہم کریں۔

| فولیو نمبر / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | نام | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

شیئر ہولڈرز کی جانب سے مندرجہ بالا معلومات کی وصولی کے بعد، کمپنی لاگ ان کی تفصیلات ان کے ای میل ایڈریس پر بھیجے گی، جس سے وہ جمعرات 9 جولائی 2026ء کو صبح 10:00 بجے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے مذکورہ غیر معمولی اجلاس عام میں شامل ہو سکیں گے۔

## 5- غیر معمولی اجلاس عام میں بالمشافہ شرکت

حصص یافتگان کی غیر معمولی اجلاس عام میں بالمشافہ شرکت کے لیے آڈیٹوریم، دی انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (آئی سی اے پی ہاؤس)، موو ایریا، جی-10، کشمیر ہائی وے، سروس روڈ ساؤتھ، جی-10/4، جی-10 اسلام آباد میں مناسب انتظامات کیے گئے ہیں۔

## 6- پراکسی فارم

کوئی بھی ممبر جو غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کا حق رکھتا ہے، اس بات کا بھی مجاز ہے کہ وہ اپنی جانب سے شرکت اور ووٹ دینے کے لیے کسی دوسرے ممبر کو بطور پراکسی مقرر کرے۔ پراکسی فارم کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کروانا ضروری ہوگا۔ پراکسی فارم اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے اور کمپنی کی ویب سائٹ www.efulife.com پر بھی دستیاب ہے۔

## 7- سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے ہدایات

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر 1، مؤرخہ 26 جنوری 2000ء میں بیان کردہ درج ذیل ہدایات پر عمل کریں۔

a. میٹنگ میں شرکت کے لیے:

i. انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعدہ ضوابط کے مطابق اپ لوڈ ہیں، میٹنگ میں شرکت کے وقت کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ ظاہر کر کے اپنی شناخت کی تصدیق کریں گے۔

ii. کارپوریٹ اداروں کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی امیدوار کے شخص دستخط کے ساتھ کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ جمع کروانی ہوگی (تاوقتیکہ پہلے فراہم نہ کی گئی ہو)۔

b. پراکسیوں کی تقرری کے لیے:

i. انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعدہ ضوابط کے مطابق اپ لوڈ ہوں، کمپنی کی طرف سے مطلع کردہ قوانین کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائے گا۔

ii. پراکسی فارم پر دو افراد گواہی دیں گے جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں گے۔

iii. اصل مالکان کی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپیاں یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول کو پراکسی فارم کے ساتھ پیش کیا جائے گا۔

iv. نامزد شخص کو اجلاس میں شرکت کے وقت اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوں گے۔

v. کسی کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی نمونہ کے دستخط کے ساتھ کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ (جب تک کہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) جمع کرایا جائے گا۔

8- کھاتوں کی بندش

کمپنی کے شیئر ٹرانسفر رجسٹر 2 جولائی 2026ء سے 9 جولائی 2026ء تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گے۔ شیئر رجسٹرار کے آفس، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک 'بی'، ایس۔ایم۔سی۔ایچ۔ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی میں 1 جولائی 2026ء کاروباری وقت کے اختتام سے قبل موصول ہونے والے ٹرانسفرز کو اجلاس میں شرکت اور ووٹنگ کے حق کا تعین کے مقاصد کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

9- ممبر کے پتے میں تبدیلی کی اطلاع

ممبران سے درخواست ہے کہ اگر انہوں نے پہلے سے درج ذیل معلومات فراہم یا مطلع نہیں کی ہیں، تو سی ڈی سی میں موجود بک انٹری سیکیورٹیز کی صورت میں متعلقہ سی ڈی سی پارٹیسپنٹ کو، اور فزیکل شیئرز کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو درج ذیل معلومات فراہم / مطلع کریں:

a. اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی اطلاع؛

b. کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی واضح اور قابلِ مطالعہ نقل (افراد کے لیے) اور نیشنل ٹیکس نمبر کی نقل (افراد اور کارپوریٹ اداروں دونوں کے لیے)۔

10- فزیکل شیئر ہولڈرز کی رجسٹریشن کی تفصیلات

کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 119 کے مطابق، تمام فزیکل شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنی لازمی معلومات، مثلاً: کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر؛ پتہ؛ ای میل ایڈریس؛ رابطہ موبائل / ٹیلی فون نمبر؛ بین الاقوامی بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN)؛ اور دیگر متعلقہ معلومات، فوری طور پر درج ذیل پتے پر موجود ہمارے شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں تاکہ قانون کی کسی ممکنہ خلاف ورزی یا مستقبل میں کسی قسم کی دشواری سے بچا جا سکے:

سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک 'بی'، ایس۔ایم۔سی۔ایچ۔ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی-74400۔ ٹول فری نمبر: 0800-23275، ای میل: info@cdcsrsl.com، ویب سائٹ: www.cdcsrsl.com

11- پوسٹل بیلٹ ریگولیشنز کا اطلاق

a. الیکٹرانک ووٹنگ کا طریقہ کار

i. کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے میں بیان کردہ طریقہ کار اور شرائط کے مطابق، ممبران کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ پوسٹل بیلٹ (بشمول ڈاک یا الیکٹرانک ووٹنگ) کے ذریعے اپنے حق رائے دہی استعمال کر سکتے ہیں۔ پوسٹل بیلٹ کی سہولت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے اس حد تک دستیاب ہوگی جس حد تک قابلِ اطلاق قانون کے تحت اس کی اجازت یا ضرورت ہو۔

ii. الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات ان ممبران کو ای میل کے ذریعے ارسال کی جائیں گی جن کے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس کمپنی کے رجسٹر آف ممبرز میں یکم جولائی 2026ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک درج ہوں گے۔

iii. ویب ایڈریس، لاگ اِن کی تفصیلات اور پاس ورڈ ممبران کو ای میل کے ذریعے فراہم کیے جائیں گے، جبکہ سیکیورٹی کوڈز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (جو ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ ہے) کے ویب پورٹل سے SMS کے ذریعے ارسال کیے جائیں گے۔

iv. وہ ممبران جو الیکٹرانک ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھتے ہوں، ان کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ اِن کے لیے مستند تصدیقی طریقہ کار کے ذریعے کی جائے گی۔

v. ووٹنگ کی سہولت 4 جولائی 2026 سے شروع ہوگی اور 8 جولائی 2026 کی شام بند ہو جائے گی۔ ممبران اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک مرتبہ کسی قرارداد پر ووٹ ڈالنے کے بعد، متعلقہ رکن کو بعد ازاں اپنا ووٹ تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**b. پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا طریقۂ کار**

i. کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 ("ریگولیشنز، 2018") کے مطابق، ڈائریکٹرز کے انتخاب اور کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعات **143** اور **144** کے تحت آنے والے کسی بھی دیگر ایجنڈا آئٹم میں بیان کردہ طریقۂ کار اور تقاضوں کے مطابق، ممبران کو پوسٹل بیلٹ یعنی ڈاک کے ذریعے ووٹنگ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔

ii. ممبران اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ باقاعدہ طور پر پُر شدہ اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی ایک نقل کے ساتھ، اجلاس کے چیئرمین تک بذریعہ ڈاک کمپنی کے رجسٹرڈ پتے: چوتھی منزل، کامران سینٹر، پلاٹ نمبر 85، ایسٹ جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد یا ای میل corporateaffairs@efulife.com پر، غیر معمولی اجلاس عام سے ایک (1) دن قبل یعنی 8 جولائی 2026ء کو دفتری اوقات کے دوران پہنچ جانا چاہیے۔ بیلٹ پیپر پر موجود دستخط کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ پر درج دستخط سے مطابق ہونے چاہییں۔

iii. حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی فوری اطلاع کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو دیں۔

iv. پوسٹل بیلٹ / الیکٹرانک ووٹنگ کا طریقۂ کار اجلاس سے کم از کم سات (7) دن قبل کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب کر دیا جائے گا۔

## 12- غیر معمولی اجلاس عام میں S.R.O. 451(I)/2025 کے تحت ممبران کے ووٹنگ کے حقوق

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ S.R.O. 451(I)/2025 مؤرخہ 13 مارچ 2025ء کے مطابق، وہ ممبران جنہوں نے غیر معمولی اجلاس عام (ای او جی ایم) کی تاریخ سے قبل الیکٹرانک ووٹنگ یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا ووٹ استعمال نہیں کیا ہو اور جو اجلاس میں بذاتِ خود شرکت کریں، انہیں ای او جی ایم میں بیلٹ پیپر کے ذریعے اپنا ووٹ ڈالنے کی اجازت ہوگی۔

اسی طرح، وہ پراکسی ہولڈرز جو قابلِ اطلاق قوانین اور کمپنی کے پراکسی سے متعلق تقاضوں کے مطابق ممبران کی جانب سے باقاعدہ طور پر مقرر کیے گئے ہوں، انہیں بھی ای او جی ایم میں بیلٹ پیپر کے ذریعے اس رکن کا ووٹ ڈالنے کی اجازت ہوگی جس کی وہ نمائندگی کر رہے ہوں، بشرطیکہ متعلقہ رکن اجلاس سے قبل الیکٹرانک ووٹنگ یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا حقِ رائے دہی استعمال نہ کر چکا ہو۔ ایسے پراکسی ہولڈرز کے لیے ضروری ہوگا کہ وہ ای او جی ایم میں شرکت کے وقت: اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ پیش کریں؛ اور کمپنی کی پراکسی ہدایات کے مطابق جمع کروایا گیا درست پراکسی فارم / دستاویز پیش کریں، جو اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کروایا گیا ہو۔ اس مدت کے حساب میں ایسے دن کے کسی حصے کو شمار نہیں کیا جائے گا جو کاروباری دن نہ ہو۔

## 13- تحائف کی تقسیم پر پابندی

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے SRO 452(I)/2025 مؤرخہ 17 مارچ 2025ء کے ذریعے کمپنیوں کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ غیر معمولی اجلاس عام کے موقع پر یا ان کے سلسلے میں حصص یافتگان کو کسی بھی صورت یا طریقے سے تحائف یا مراعات فراہم نہ کریں۔ اس پابندی میں تحائف کے متبادل کے طور پر دیے جانے والے تحفے کے ٹوکنز، کوپن، ظہرانے، ٹیک اوے پیکیجز وغیرہ بھی شامل ہیں۔

14- **ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت**

اگر کمپنی کو اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 7 دن قبل وہ ممبران جن کے مجموعی شیئر ہولڈنگ 10٪ یا اس سے زیادہ ہے اور جو اجلاس کے شہر کے علاوہ کسی اور جغرافیائی مقام پر رہتے ہیں، سے رضامندی موصول ہو کہ وہ اجلاس میں ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شریک ہونا چاہتے ہیں، تو کمپنی متعلقہ شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کرے گی، بشرطیکہ وہ سہولت وہاں دستیاب ہو۔ اس سلسلے میں، برائے مہربانی درج ذیل فارم پُر کریں اور اجلاس سے 7 دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر جمع کروائیں۔ کمپنی اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 5 دن قبل ممبران کو ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام اور اس سہولت تک رسائی کے لیے مکمل معلومات فراہم کرے گی۔

<u>**ویڈیو کانفرنسنگ سہولت کے ذریعے شرکت کے لیے رضامندی**</u>

میں / ہم، ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ کے ممبر اور رجسٹر فولیو نمبر ____________ کے تحت عام حصص کے حامل ہیں، بذریعہ ہذا **9 جولائی 2026**ء کو منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام یا اس کے کسی مؤخر شدہ اجلاس میں ویڈیو کانفرنسنگ سہولت کے ذریعے شرکت کرنے کی خواہش اور رضامندی کا اظہار کرتے ہیں۔ ____________________ (براہِ کرم شہر کا نام درج کریں)

____________________

ممبر کے دستخط

15- **اسکروٹنائزر**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 ("ریگولیشنز") کے ریگولیشن 11 کے مطابق، بورڈ نے میسرز کرسٹن حیدر بھیمجی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو کمپنی کا اسکروٹنائزر مقرر کیا ہے، بشرطیکہ انتخاب کے لیے اپنی امیدواری پیش کرنے والے افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 159(1) کے تحت مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہو۔ اسکروٹنائزر مذکورہ صورت میں ووٹنگ کے عمل کی نگرانی کرے گا اور ریگولیشنز کے ریگولیشن 11A میں بیان کردہ دیگر ذمہ داریاں بھی انجام دے گا۔

## اہم حقائق کا بیان

## کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 166(3) کے تحت

یہ بیان غیر معمولی اجلاس عام میں منعقد کیے جانے والے ڈائریکٹرز کے انتخاب سے متعلق اہم حقائق کی وضاحت کے لیے مرتب کیا گیا ہے۔

ایک لسٹڈ کمپنی ہونے کے ناطے، کمپنی پر لازم ہے کہ وہ اپنے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں آزاد ڈائریکٹرز کو شامل کرے، جیسا کہ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے تحت مقرر کیا گیا ہے۔ کمپنی اس امر کو یقینی بنائے گی کہ آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعات 159 اور 166(2)، کمپنیز (طریقۂ کار اور آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب) ریگولیشنز، 2018 کے تقاضوں کے مطابق ہو، اور یہ کہ ایسے آزاد ڈائریکٹرز پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس (PICG) کے زیرِ انتظام آزاد ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بینک میں شامل ہوں۔

آزاد ڈائریکٹرز کے حتمی انتخاب کے وقت امیدواروں کی بنیادی صلاحیتوں، تنوع، مہارتوں کے مجموعے، علم اور تجربے کو بھی مدِنظر رکھا جائے گا۔

ڈائریکٹرز کمپنی کے شیئر ہولڈرز ہونے کے علاوہ مذکورہ بالا میں براہ راست یا بالواسطہ دلچسپی نہیں رکھتے اور وہ ڈائریکٹرز کے لیے الیکشن لڑنے کے اہل ہیں۔

**Form of Proxy**

I/We ______________________________ of ___________________________ being a member of **EFU LIFE ASSURANCE LTD.** hereby appoint Mr. ______________________ of _________________________ or failing him _________________________ of _________________________ as my/our proxy in my/our absence to attend and vote for me/us and on my/our behalf at the **Extraordinary General Meeting** of the Company to be held on **Thursday, July 9th, 2026** at **10:00 A.M.** and at any adjournment thereof.

Signed this _____ day of ___ 2026

**Witness:**

1. Signature: ____________________
   Name: ____________________
   Address: ____________________
   __________________________________
   CNIC or
   Passport No.: ____________________

2. Signature: ____________________
   Name: ____________________
   Address: ____________________
   __________________________________
   CNIC or
   Passport No.: ____________________

Revenue Stamp

Signature of Member(s)

Shareholder's Folio No. ___________
and/or CDC
Participant ID. No. ______________
and Sub Account No. _____________

**Important:**

- This form of Proxy, duly completed, must be deposited at the Company's Registered Office at Kamran Centre, 4th Floor, Plot No. 85, East Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad not later than 48 hours before the time appointed for the meeting.
- CDC Shareholders and their Proxies are each requested to attach attested photocopy of their Computerized National Identity Card (CNIC) or Passport with this proxy form before submission to the Company.
- CDC Shareholders or their Proxies are requested to bring with them their Original Computerized National Identity Card or Passport along with the Participant's ID number and their account number at the time of attending the Extraordinary General Meeting in order to facilitate their identification.

LIFE

# پراکسی فارم

میں / ہم ________________________،ساکن ____________________________________،

ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ کے ممبر ہونے کے ناطے، جناب ____________________________________،

ساکن ________________ کو، یا ان کی عدم دستیابی کی صورت میں جناب ________________،

ساکن ________________ کو اپنا پراکسی مقرر کرتا ہوں / کرتے ہیں تاکہ وہ میری / ہماری غیر موجودگی میں

کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام میں، جو جمعرات 9 جولائی 2026 کو صبح 10:00 بجے منعقد ہوگا، اور اس کے کسی بھی ملتوی شدہ اجلاس

میں، میری / ہماری جانب سے شرکت کریں اور ووٹ دیں۔

______2026 کو دستخط کئے گئے

**گواہ:**

1۔ دستخط: ____________________________

نام: ____________________________

پتہ: ____________________________

____________________________

کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا

پاسپورٹ نمبر: ____________________________

ریونیو اسٹمپ

2۔ دستخط: ____________________________

نام: ____________________________

پتہ: ____________________________

____________________________

کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا

پاسپورٹ نمبر: ____________________________

____________________________

ممبران کے دستخط

شیئر ہولڈر کا فولیو نمبر: ________________

یا، سی ڈی سی پارٹیسیپنٹ آئی ڈی نمبر: ________________

اور سب اکاؤنٹ نمبر: ________________

**اہم ہدایات:**

- پراکسی فارم کو مکمل طور پر پُر کرنے کے بعد کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، کامران سینٹر، چوتھی منزل، پلاٹ نمبر 85، ایسٹ جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد میں اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کرانا ضروری ہے۔

- سی ڈی سی شیئر ہولڈرز اور ان کے پراکسی نمائندگان سے درخواست ہے کہ وہ اس پراکسی فارم کے ساتھ اپنی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی منسلک کرکے کمپنی کو جمع کرائیں۔

- سی ڈی سی شیئر ہولڈرز یا ان کے پراکسی نمائندگان سے گزارش ہے کہ غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کے وقت اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کے ساتھ پارٹیسپنٹ آئی ڈی نمبر اور اکاؤنٹ نمبر بھی ساتھ لائیں تاکہ ان کی شناخت میں آسانی ہو سکے۔